## سوال

سالی کے متعلق

## جواب

سالی کو دیکھ کر شہوت آنے پر بیوی کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں نے سنا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی سالی کو دیکھتا ہے اور اس کو شہوت آجاتی ہے اور اس شخص کی مذی یا منی خارج ہو جائے تو اس کی بیوی اس پر حرام ہو جاتی ہے۔ کیا یہ بات صحیح ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! پہلی بات تو یہ ہے کہ آپ کی سالی آپ کے لئے غیر محرم ہے اور کسی بھی مسلمان کے یہ لائق نہیں ہے کہ وہ کسی غیر محرم عورت کو شہوت بھری نگاہ سے دیکھے۔ آپ اس بدنظری پر اللہ سے توبہ کریں اور آئندہ اپنے آپ کو اس سے محفوظ رکھنے کی کوشش کریں۔ دوسری بات یہ ہے کہ سالی کو شہوت کی نگاہ سے دیکھنا اگرچہ ایک حرام کام ہے، مگر اس سے بیوی حرام نہیں ہوتی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: «لا یحرم الحرام الحلال» سنن ابن ماجہ» کتاب النکاح» باب لا یحرم الحرام الحلال (2015) حرام کام کسی حلال کو حرام نہیں کرتا ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث